عورت کا حضرت عمرؓ کو مہر کے تعین کے بارے میں برسرِ منبر ٹوکنے کا مشہور واقعہ ذکر کیا گیا ہے۔ اس واقعہ کو بعض اہل علم نے سند و متن کے حوالے سے غیر صحیح قرار دیا ہے۔ دیکھیں: قصص لا تثبت (ج ۱/ ص ۲۸) تحفة العروس کے مصنف مہدی استنبولی نے بھی اپنی کتاب میں اسے غیر صحیح قرار دیا ہے۔

◉ اسی شمارے کے صفحہ ۳۰ پر Amkles کو میرے علم کے مطابق Ankles اور صفحہ ۴۴ کی سطر ۱۳ پر صحیح حسن خلاق کو خ کی بجائے ح کے ساتھ حلاق ہونا چاہئے۔ (اعجاز حسن، بہاولنگر)

❸ محترم و مکرم حافظ حسن مدنی صاحب السلام علیکم ورحمة الله و برکاته

اُمید ہے مزاجِ عالی بخیر ہوں گے۔ آپ کی علم دوستی کی بدولت ماہنامہ 'محدث' نظر نواز ہو کر فکر و خیال کو جلا بخش رہا ہے۔ اس کے تبادلے میں ہم سہ ماہی مجلّہ 'الحقائق' گاہے گاہے ارسال کرتے رہتے ہیں۔ آپ کے پرچہ کا تحقیقی معیار اور اُسلوبِ بیان نہایت عمدہ اور نفیس ہے۔ آپ کا ادارۂ تحریر بڑی محنت، سلیقے اور عرق ریزی سے دینی ادب میں اضافہ کرکے اپنی ایک الگ تاریخ مرتب کررہا ہے۔

مجھے یقین ہے کہ ہر باذوق قاری جس کی شخصی اور مسلکی و جماعتی وابستگی کچھ بھی ہو اور اسے آپ کے مجلّہ 'محدث' کے اربابِ علم و دانش سے کتنا اتفاق یا کیسا ہی اختلاف ہو، وہ اس تحقیقی اور تخلیقی اور معیاری پرچہ کے مطالعہ سے ضرور لذت اندوز ہوتا ہوگا۔ اداریہ 'فکر ونظر' بڑا اُچھوتا اور برموقع و برمحل و برجستہ اور تازہ مسائل کی بروقت علمی وفکری رہنمائی کا باعث ہوتا ہے۔ محدث کے دیگر مضامین بڑے جاندار ہوا کرتے ہیں۔ جدید مسائل کی ٹھیٹھ دینی انداز میں تشخیص کا پہلو اپنے اندر بڑی رہنمائی رکھتا ہے۔ میں نے آپ کے پرچہ کی پرانی فائلوں کو ختم نبوت ملتان کی لائبریری میں ملاحظہ و مطالعہ کیا ہے۔ اگر کرم فرمائیں تو اپنے پرچہ کے خصوصی نمبر ہماری لائبریری کے لئے بھی ارسال فرمائیں تو عنایت ہوگی۔ یہ علمی تحائف حاضر خدمت ہیں، ان پر آپ کے ادارہ کے کسی بھی صاحبِ بصیرت کا بے لاگ تبصرہ و تجزیہ ہمارے لئے رہنمائی کا باعث ہوگا۔ جس طرح ہم اختلاف کے باوجود علم و تحقیق کی قدروں کو پروان چڑھانے کے لئے رابطہ رکھتے ہیں اور آپ بھی اعزازی پرچہ اسی غرض کے لئے ہی عنایت فرماتے ہیں۔ اُمید کی جاتی ہے کہ اس علمی رابطہ کو بحال ہی نہیں رکھیں گے بلکہ اسے دوبالا فرمائیں گے۔ مشترکہ اُمور پر ہم سب کا اتحاد و اشتراک ضرور ہے!!

محترم عبدالرحمٰن مدنی حفظہ اللہ و دیگر سبھی اربابِ علم کو درجہ بدرجہ سلام کہئے۔ محترم شاہد حنیف کو خصوصی شمارے ارسال کرنے کی خصوصی تاکید فرمائیں۔ دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیں۔ والسلام

محمد عمر حیات الحسنی (خادم سید طاہر علاؤ الدین اسلامک ریسرچ انسٹیٹیوٹ) بوسن، ملتان

www.KitaboSunnat.com